






MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

# روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203 | Mobile: 0336-6113760 | قیمت 20 روپے

جلد 37 | جمعہ 14 اگست 2026، بمطابق 30 صفر 1448ھ | شمارہ 224


## بلوچستان کا بچہ بچہ شہداء کی عظیم قربانیوں اور ان کے مقدس خون کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے

# وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی: نوجوانوں کو ریاست کے قریب لائیں گے

### نوجوانوں کا مستقبل تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور پاکستان کی ترقی سے وابستہ ہے۔ نوجوان ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کریں

### 14 اگست ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے بزرگوں نے ایک آزاد وطن کے حصول کے لیے دیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جشن آزادی کے موقع پر پوری پاکستانی قوم، بالخصوص اہل بلوچستان کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے بزرگوں نے ایک آزاد وطن کے حصول کے لیے دیں۔ قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت میں ہمارے بزرگوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے ایک آزاد ریاست کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

# وزیر اعظم: معاشی ترقی کیلئے بیرونی سرمایہ کاری ناگزیر ہے

### ناروے کے وزیر خارجہ کی وزیر اعظم سے ملاقات، دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار

### وزیر اعظم نے ناروے کے وزیر اعظم کو پاکستان کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ناروے کے وزیر خارجہ، اسپن بارتھ ایڈے نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیراعظم نے ناروے کے وزیر خارجہ کا خیر مقدم کیا اور پاکستان اور ناروے کے درمیان گرم جوش اور دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ ناروے کے دوطرفہ تعاون، بالخصوص تعلیم، ہنر مند افرادی قوت، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت (کلائمیٹ ر (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ملک کی مختلف جامعات میں اعلیٰ تعلیم کیلئے اسکالرشپس پر منتخب ہونیوالے طلبہ و طالبات ملاقات کر رہے ہیں

## اسحاق ڈار سے صدر (ن) لیگ آزاد کشمیر کی ملاقات، حکومت سازی سے متعلق امور پر گفتگو

اسلام آباد/مظفر آباد (این این آئی) ڈپٹی وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں حکومت سازی سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات میں آزاد کشمیر کی موجودہ سیاسی صورتحال، حالیہ انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی، تعمیر و ترقی اور عوامی مسائل کے حل سمیت باہمی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

## ایران نے مجوزہ زمینی کارروائی کی سازش ابتدا میں ہی ناکام بنادی، ابراہیم عزیزی

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے کہا ہے کہ ایران (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

## سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر میں ایک کروڑ 40 لاکھ ڈالر کا اضافہ

کراچی (این این آئی) سٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر میں ایک کروڑ 40 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق اضافے کے بعد مرکزی بینک کے زرمبادلہ ذخائر 17 ارب 5 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کی سطح پر پہنچ گئے ہیں۔ رپورٹ کے (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

## کولمبیا میں قیامت خیز زلزلے سے ہلاکتیں 265 تک پہنچ گئیں

### سینکڑوں افراد اب بھی لاپتا تقریبا 500 افراد اب بھی لاپتا ہیں


### زلزلے سے 9,550 سے زائد مکانات تباہ ہو چکے ہیں، مقامی حکام


### کالی کولمبیا کا تیسرا بڑا شہر ہے اور زلزلے سے یہاں بڑے پیمانے پر عمارتیں متاثر ہوئی ہیں


### ایک تباہ شدہ بیکری کے ملبے سے ایک شخص کے زندہ ہونے کے ممکنہ شواہد ملنے کے بعد ریسکیو کارروائی مزید تیز کر دی گئی

بوگوٹا (این این آئی) کولمبیا میں آنے والے شدید زلزلے کے بعد امدادی کارروائیاں انتہائی اہم مرحلے میں داخل ہو گئی ہیں، جبکہ حکام کے مطابق ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 265 ہو گئی ہے اور 3,500 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حکام نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)







# آزادی مبارک



1947 - 2026
آزادی کے 79 سال

❝ جو قوم متحد ہو کر ملک کی تعمیر میں حصہ لیتی ہے، ترقی پاتی ہے ❞

# پاکستان

## تشنہ تکمیل، ناقابل شکست

## پیارے پاکستان ہمارا سفر ابھی ختم نہیں ہوا

### آزادی صرف ایک آغاز تھی

جو ایک خواب سے شروع ہوئی
وہ خواب جو حوصلے سے بُنا گیا
جسے یقین سے تھاما گیا
جسے قربانی سے حقیقت بنایا گیا
14 اگست 1947 کی اس صبح
ہم نے صرف وطن حاصل نہیں کیا
ہم نے اپنی تقدیر لکھنے کا حق حاصل کیا
تب سے ہر نسل نے
ایک نیا باب لکھا
پاکستان کی داستان میں
ہم جنگوں میں ڈٹے رہے
طوفانوں کا مقابلہ کیا
ہم نے صحراؤں کو ہریالی دی
دریاؤں کو باندھنے والے ڈیم بنائے
خلاء میں سیٹلائیٹ بھیجے
اور دنیا کو اپنے نوجوانوں
اپنے ہنر اور اپنی ہمت کی طاقت دکھائی
مگر یہ بھی سچ ہے
ہمارا کام ابھی مکمل نہیں ہوا
غربت اب بھی کئی گھروں کے دروازے پر دستک دیتی ہے
جہالت اب بھی کئی ذہنوں کو دھندلاتی ہے
ہم جو مل کر حاصل کر سکتے ہیں، تقسیم اس طاقت کو کمزور کرتی ہے
یہ ہمارے دوبارہ اٹھنے کا وقت ہے
اپنے ملک کو اتحاد سے تعمیر کریں
حدوں سے بڑھ کر کامیابی حاصل کریں
نئی سوچ پیدا کریں، سب کو ساتھ لیکر چلیں، مشعلِ راہ بنیں

**پیارے پاکستان**
**ہمارا کام ابھی مکمل نہیں ہوا**
**راستہ طویل ہے**
**مگر ہمارا عزم**
**اس سے بڑھ کر ہے**





### آصف علی زرداری
صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان

پاکستان کے یومِ آزادی کی 79 ویں سالگرہ کے موقع پر میں اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک مقیم تمام پاکستانیوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

14 اگست وہ دن ہے جب ہم ان قربانیوں کو یاد کرتے ہیں جن کے نتیجے میں پاکستان کا قیام ممکن ہوا۔ ہم قائدِاعظم محمد علی جناح، تحریکِ پاکستان کے رہنماؤں اور کارکنوں اور ان تمام لوگوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن کے حصول کی جدوجہد میں اپنے گھر، تحفظ اور روزگار تک قربان کر دیے۔

لیکن آزادی صرف ایک تاریخی کامیابی نہیں۔ یہ ایک ذمہ داری بھی ہے جسے ہر نسل نے آگے بڑھانا ہے۔ ہماری ذمہ داری صرف یہ یاد رکھنا نہیں کہ ہماری گزشتہ نسلوں نے کیا حاصل کیا، بلکہ اپنے کام کے ذریعے اس میں مزید اضافہ کرنا بھی ہے۔

معرکہ حق کے واقعات نے ثابت کیا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، لیکن اپنی خود مختاری اور قومی مفادات کے دفاع کے لیے عزم اور صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ طاقت کا سبق دراصل ذمہ داری کا سبق ہے۔ ہم اپنی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پولیس کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں اور ان کے اہلِ خانہ کی قربانیوں کو بھی خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔

پاکستان کا مؤقف واضح ہے۔ ہمارا یقین ہے کہ تنازعات، خواہ کتنے ہی سنگین کیوں نہ ہوں، بالآخر بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے ہی حل کیے جانے چاہئیں۔ پاکستان کشیدگی میں کمی، علاقائی استحکام کے تحفظ اور تعاون کے لیے سازگار حالات پیدا کرنے کی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔


ہمیں اپنی معیشت کو مضبوط بنانا، اپنے نوجوانوں کے لیے زیادہ مواقع پیدا کرنا، تعلیم اور ہنر کو بہتر بنانا، اور حکمرانی، معاشی اور سماجی اصلاحات کے ذریعے اداروں کو مضبوط بنانا ہو گا تاکہ ترقی اور جمہوریت کے ثمرات ملک کے ہر حصے اور ہر برادری تک پہنچ سکیں۔

ہم مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ بھی اپنی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں اور ان کے حقوق کی جائز جدوجہد کے لیے اپنی حمایت کا یقین دلاتے ہیں۔

اس یومِ آزادی پر، میں تمام پاکستانیوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ جس بھی شعبے میں خدمات انجام دے رہے ہیں، ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

اللہ تعالیٰ پاکستان کی حفاظت فرمائے، ہمارے عوام کو امن و خوشحالی عطا کرے، ہمارے ملک کو مضبوط بنائے اور ہمیں ایک بہتر مستقبل کی جانب رہنمائی عطا فرمائے۔

**پاکستان زندہ باد!**



### محمد شہباز شریف
وزیرِاعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

یومِ آزادی کے پُرمسرت موقع پر، میں پاکستان کے اندر اور بیرونِ ملک مقیم اپنے تمام ہم وطنوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

ہم سب کے لیے یہ امر باعثِ فخر و اعزاز ہے کہ آزادی کی جدوجہد کی قیادت بابائے قوم، قائدِاعظم محمد علی جناح، مفکرِ پاکستان، شاعرِ مشرق، علامہ محمد اقبال اور دیگر ممتاز رہنماؤں نے کی۔ آج بحیثیت قوم، ہم تحریکِ پاکستان کے رہنماؤں، اکابرین اور کارکنوں، اور اپنے ان بزرگوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے آزاد وطن کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے عزم و حوصلے سے کوششیں کیں۔

ایک آزاد ریاست کا یہ خواب قائدِاعظم محمد علی جناح کی مدبرانہ اور بصیرت افروز قیادت، ہمارے بزرگوں کی بے پناہ قربانیوں، تحریکِ پاکستان کے رہنماؤں کے غیر متزلزل عزم اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور برکتوں کے باعث شرمندۂ تعبیر ہوا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے، مشکلات کے باوجود قومی ترقی اور خوشحالی کا سفر ایک روشن مستقبل کی جانب آگے بڑھ رہا ہے۔ بے شمار مشکلات کے باوجود، پاکستانی قوم نے اپنی خداداد صلاحیتوں اور قابلیت کے ذریعے زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ہمارے باصلاحیت نوجوان، ہنر مند افرادی قوت، اعلیٰ تعلیم یافتہ پیشہ ور افراد، محنتی کسان اور مزدور ہمارے ملک کے روشن مستقبل کے حقیقی ضامن ہیں۔

اس یومِ آزادی کے موقع پر، قوم اپنے ان تمام شہداء کو بھی خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے جنہوں نے وطنِ عزیز کے لیے اپنی قیمتی جانیں قربان کیں۔

آئیں، آج کے دن، ہم ایک بار پھر قومی عزم کا اعادہ کریں کہ ترقی و خوشحالی، امن و استحکام، باہمی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے لیے مل کر کام کریں گے۔ آج، میں ایک بار پھر معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص تمام سیاسی جماعتوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ قومی یکجہتی اور اپنے قومی مفادات کے تحفظ اور فروغ کے لیے مل کر تعمیری کردار ادا کریں۔

اللہ تعالیٰ پاکستان کو اقوامِ عالم میں عزت و وقار کی علامت بنائے اور اسے مسلسل کامیابیوں اور ترقی سے مزین ایک شاندار مستقبل عطا فرمائے۔

**آمین!**



**پاکستان ہمیشہ زندہ باد**



| ہمارے لوگ | ہماری ترقی | ہماری معیشت | ہمارا عہد |
| --- | --- | --- | --- |
| ہماری سب سے بڑی طاقت، لامحدود صلاحیتوں کے حامل | کلاس رومز سے لیبارٹریز تک ہم مستقبل تخلیق کرتے ہیں | آج کی جدت، ایک مضبوط اور خود مختار پاکستان کیلئے | اتحاد، ایمان اور تنظیم ہمیں پہلے سے کہیں آگے لے جائیں گے |

## ایک قوم - ایک وژن - ایک پاکستان




PID (I) 1564-D/26

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
جمعہ 14 اگست 2026، بمطابق 30 صفر 1448ھ

# ایئر انڈیا کے پائلٹ کا چرس پی کر جہاز اڑانے کا انکشاف، ڈوپ ٹیسٹ نے بھانڈا پھوڑ دیا

## ایئر کرافٹ ایکسیڈنٹ انویسٹی گیشن بیورو نے مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں، وزارت سول ایوی ایشن

نئی دہلی (این این آئی) ایئر انڈیا کی فوکٹ سے دہلی جانے والی پرواز کے کپتان کے ڈوپ ٹیسٹ میں چرس کے استعمال کی موجودگی سامنے آگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تھائی لینڈ کے سیاحتی جزیرے فوکٹ سے دہلی آنے والی ایئر انڈیا کی پرواز کے کپتان کا دوسرا ڈوپ ٹیسٹ بھی مثبت آگیا ہے۔













## پاکستان کا یوکرین تنازع کے سفارتی حل، زیر حراست افراد کے تحفظ پر زور

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے یوکرین تنازع کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے اور زیر حراست افراد کے تحفظ پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ روس، یوکرین تنازع کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے کے لیے اقدامات کریں۔ پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے یوکرین سے متعلق آریا فارمولا اجلاس میں تمام فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی مکمل پاسداری کریں اور روس، یوکرین تنازع کو سفارتی ذرائع سے حل کرنے کے لیے اقدامات کریں۔ سلامتی کونسل کے 15 رکنی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مشن کے قونصلر کامران تاج نے کہا کہ تمام فریقین کو بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت اپنی متعلقہ ذمہ داریوں کی پابندی کرنی چاہیے










## موٹر وے ایم 3 پر مسافر بس اور مزدا میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، 4 زخمی

فیصل آباد (این این آئی) موٹر وے ایم 3 پر سمندری کے قریب مسافر بس اور مزدا میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 4 افراد زخمی ہو گئے۔ ترجمان موٹر وے پولیس سنٹرل ریجن سید عمران احمد کے مطابق حادثہ ایم 3 پر کلومیٹر 1024 کے قریب پیش آیا، جہاں راجن پور سے لاہور جانے والی مسافر بس آگے جانے والے مزدا سے ٹکرا گئی، ابتدائی طور پر حادثے کی وجہ بس ڈرائیور کو دوران ڈرائیونگ نیند آنا بتائی گئی ہے۔

## امریکا ایران جنگ بندی میں اہم کردار، پاکستان بطور عالمی قوت دنیا کی توجہ کا مرکز

اسلام آباد (این این آئی) امریکا ایران جنگ بندی میں پاکستان کے بطور ثالث اہم کردار کے باعث عالمی سطح پر پاکستان کی امن کاوشوں کا برملا اعتراف کیا جا رہا ہے۔ امریکا ایران جنگ بندی میں اہم ترین کردار کی بدولت پاکستان بطور عالمی قوت دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ عالمی جریدہ ساؤتھ ایشین وائسز کے مطابق امریکا ایران جنگ بندی کیلئے اسلام آباد معاہدہ کرانے والے پاکستان اور قطر کشیدگی کو روکنے کیلئے بھرپور کوشش کر رہے ہیں،

## صادق آباد، گھر میں گھس کر فائرنگ، سردار عالمگیر کوش سمیت 3 افراد قتل


صادق آباد (این این آئی) موضع بوہی واڑ میں مسلح افراد نے گھر میں گھس کر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں سردار عالمگیر کوش سمیت 3 افراد قتل ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق حملے میں ناظم کوش اور گارڈ معشوق بھی فائرنگ کی زد میں آکر دم توڑ گئے، جبکہ ملزمان واردات کے بعد فرار ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سردار عالمگیر کوش نے کچہ سرنڈر پالیسی کو کامیاب کرانے میں اہم کردار ادا کیا تھا


## وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے الحمراء میں سمر کیمپ کی نمائش کا افتتاح کر دیا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے الحمراء میں سمر کیمپ کے تحت نوجوان فنکاروں کے فن پاروں کی نمائش کا افتتاح کر دیا۔ نمائش میں 40 نوجوان آرٹسٹوں کے 85 فن پارے پیش کیے گئے، جن میں ڈرائنگ، پینٹنگ، خطاطی اور دیگر مختلف میڈیمز میں تخلیق کیے گئے فن پارے شامل ہیں، نوجوان فنکاروں نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور فنکارانہ وژن کے ذریعے مختلف موضوعات کو خوبصورتی سے اجاگر کیا۔

## دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ ایریا میں ترقیاتی سکیموں کیلئے 97 کروڑ 25 لاکھ روپے جاری

لاہور (این این آئی) اعتماد سازی کے جاری اقدامات کے سلسلے میں واپڈا نے دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ ایریا میں اہم ترقیاتی سکیموں پر عملدرآمد کے لیے 97 کروڑ 25 لاکھ روپے جاری کر دیئے۔ فنڈز کے اجراء کی تقریب کمشنر دیامر استور ڈویژن کے دفتر میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں کمشنر دیامر استور ڈویژن، جنرل منیجر / پراجیکٹ ڈائریکٹر دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ، چیف انجینئر کنسٹرکشن ورکس، ڈائریکٹر جنرل سوشل سیف گارڈز، ڈپٹی کمشنر دیامر، ڈیم علما کمیٹی کے ارکان اور مقامی عمائدین شریک ہوئے۔ واپڈا کی جانب سے جاری کیئے گئے










# گزشتہ 365 دن: بلوچستان میں عوامی خدمت اور ترقی کا نیا سفر

رپورٹ: منظور احمد مگسی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں گزشتہ 365 دن صوبے میں عوامی فلاح، ترقیاتی منصوبہ بندی، ادارہ جاتی اصلاحات اور جدید طرزِ حکمرانی کے حوالے سے اہم اقدامات سے عبارت رہے۔ حکومت نے بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، نوجوانوں کے لیے روزگار اور ہنر کے مواقع، تعلیم وصحت کی بہتری، خواتین کی معاشی وسماجی شمولیت، زراعت وآبپاشی کے فروغ، توانائی، معدنیات، صنعت، مواصلات، شہری سہولیات اور ڈیجیٹل گورننس سمیت مختلف شعبوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی۔ تعلیم کے میدان میں ہونہار طلبہ کے لیے اسکالرشپس، اعلیٰ تعلیم کے مواقع اور بین الاقوامی تعلیمی اداروں تک رسائی کو فروغ دیا گیا، جبکہ آکسفورڈ پاکستان پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے طلبہ کے لیے عالمی معیار کی اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھولنے کی کوشش کی گئی۔ صحت کے شعبے میں بلوچستان ہیلتھ کارڈ، مستحق مریضوں کے علاج میں معاونت، ہسپتالوں کی بہتری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ صحت کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے پر بھی توجہ دی گئی۔ نوجوانوں کو صوبے کا قیمتی اثاثہ قرار دیتے ہوئے فنی تربیت، ڈیجیٹل مہارتوں، فری لانسنگ، کاروباری صلاحیتوں اور بیرونِ ملک روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے اقدامات کیے گئے تاکہ نوجوانوں کو باعزت روزگار کے قابل بنایا جاسکے۔ حکومت نے ڈیجیٹل بلوچستان کے تصور کو بھی عملی شکل دینے کی کوشش کی، جس کے تحت سرکاری امور میں ٹیکنالوجی کے استعمال، ڈیجیٹل گورننس، ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی، بجٹ سازی کی ڈیجیٹلائزیشن اور شماریاتی معلومات تک عوام کی رسائی کے لیے جدید نظام متعارف کرائے گئے۔ اسی طرح حکومت کے ترقیاتی منصوبوں، پالیسیوں اور دیگر اقدامات کو ڈیجیٹل میڈیا پر اجاگر کرنے کیلئے باقاعدہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کی منظوری دی گئی ہے۔ زراعت اور آبپاشی کے شعبے میں پانی کے بہتر استعمال، ڈیموں، آبپاشی کے منصوبوں، زرعی پیداوار اور لائیواسٹاک کے فروغ پر توجہ دی گئی، جبکہ توانائی کے شعبے میں شمسی توانائی اور قابلِ تجدید ذرائع کو فروغ دینے کے اقدامات کیے گئے تاکہ دور دراز علاقوں میں بھی بجلی کی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ بلوچستان کے معدنی وسائل کو صوبے کی معاشی ترقی کا ذریعہ بنانے کے لیے معدنیات، صنعت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں نئے امکانات تلاش کیے گئے، جبکہ گوادر اور ساحلی بلوچستان کو معاشی سرگرمیوں، تجارت اور سرمایہ کاری کے مرکز کے طور پر ترقی دینے پر بھی توجہ دی گئی۔ شہری سہولیات میں بہتری کے لیے کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانے کے اقدامات کیے گئے، جن میں گرین بس سروس اور خواتین کے لیے پنک بس سروس جیسے منصوبے شامل ہیں۔ خواتین کے لیے محفوظ سفری سہولیات، تعلیم، ہنر، کاروبار اور معاشی خودمختاری کے مواقع بڑھانے کی کوشش بھی حکومتی ترجیحات میں شامل رہی۔ اسی طرح صوبے کے مختلف اضلاع میں سڑکوں، پلوں، پانی کی فراہمی، شہری انفراسٹرکچر اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق منصوبوں پر کام آگے بڑھایا گیا تاکہ دور دراز علاقوں کو بہتر مواصلاتی رابطوں سے منسلک کیا جاسکے۔ سماجی بہبود کے شعبے میں مستحق افراد، مریضوں، خواتین اور بچوں کے لیے معاونت اور سماجی تحفظ کے اقدامات کو بھی اہمیت دی گئی۔ مجموعی طور پر گزشتہ 365 دنوں میں میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان کی پالیسی کا مرکز انسانی ترقی، عوامی خدمات، نوجوانوں کا مستقبل، معاشی سرگرمیوں کا فروغ اور جدید طرزِ حکمرانی رہا۔ بلوچستان کے مسائل طویل عرصے سے چلے آرہے ہیں اور صوبے کا وسیع جغرافیہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم گزشتہ ایک سال کے دوران تعلیم، صحت، روزگار، ڈیجیٹل گورننس، انفراسٹرکچر، زراعت، توانائی، معدنیات، خواتین اور نوجوانوں سے متعلق اقدامات نے صوبے کی ترقی کے لیے ایک وسیع سمت متعین کی ہے۔ آنے والے دنوں میں ان منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفافیت، میرٹ اور ان کے ثمرات کی بلوچستان کے عام شہری تک رسائی ہی اس ترقیاتی سفر کی اصل کامیابی کا پیمانہ ہوگی۔



## جعفر خان مندوخیل

گورنر بلوچستان

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے جشنِ آزادیِ پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں پوری قوم کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزادی درحقیقت انسانی زندگی کا اصل جوہر ہے جو افراد اور قوموں کو خودمختاری کے ساتھ زندگی گزارنے، آزادانہ فیصلے کرنے اور اپنی تقدیر خود تشکیل دینے کا حق عطا کرتی ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں 14 اگست 1947 ایک تاریخی اور یادگار دن ہے، جب پاکستان ایک آزاد اور خودمختار مملکت کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ برصغیر کے مسلمانوں نے بے شمار قربانیاں دیکر غلامی، جبر اور استحصال سے نجات حاصل کی۔ آج کا دن ہمیں تحریکِ پاکستان کے ان تمام شہداء، غازیوں اور رہنماؤں کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا بھی موقع فراہم کرتا ہے جنہوں نے اپنی جانوں اور مال کی قربانی دیکر ہمارے لیے آزاد وطن حاصل کیا۔ اس ضمن میں ہمارے بزرگوں نے اپنا فرض ادا کر دیا، اب یہ ہماری، بالخصوص نوجوان نسل کی ذمہ داری ہے کہ آزادی کی قدر و حفاظت کریں اور پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے بلند حوصلے، قومی جذبے اور حب الوطنی کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں۔ پاکستان نے اپنے قیام سے لے کر آج تک ایک طویل اور قابلِ ذکر سفر طے کیا ہے، تاہم ہمیں اب بھی متعدد چیلنجز کا سامنا ہے جو قومی تعمیر و ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔ موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ پوری قوم ایک مرتبہ پھر تحریکِ پاکستان کے جذبے کو زندہ کرے اور قومی اتحاد، یکجہتی، برداشت اور باہمی اتفاق وتعاون کو فروغ دے تاکہ ہم سب ملکر ملک کی تعمیر وترقی کو یقینی بناسکیں۔ ہمیں ایک ایسے مضبوط، خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کیلئے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی جہاں ہر شہری کو مساوی مواقع، انصاف، تعلیم، روزگار اور باعزت زندگی میسر ہو۔ اس مقصد کے حصول کیلئے معاشی استحکام، سماجی انصاف، سیاسی ہم آہنگی، قانون کی حکمرانی اور اداروں کے استحکام کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی حقیقی طاقت اس کے عوام، بالخصوص نوجوان نسل کے عزم، صلاحیت اور کردار میں پوشیدہ ہے۔ ہمیں اپنے نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، ٹیکنالوجی اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کر کے انہیں قومی ترقی کا مؤثر شراکت دار بنانا ہوگا۔ نوجوان نسل اگر اتحاد، محنت، دیانت اور حب الوطنی کو اپنا شعار بنائے تو کوئی رکاوٹ پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی منزل تک پہنچنے سے نہیں روک سکتی۔ آیئے ہم یہ عہد کریں کہ ہم پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور قومی وقار کا ہر حال میں تحفظ کریں گے اور پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے اپنے حصے کا کردار ادا کرینگے۔



## میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان

14 اگست ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے بزرگوں نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی قیادت میں ایک آزاد وطن کے حصول کے لیے پیش کیں۔ یہ دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع بھی فراہم کرتا ہے کہ ہم پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار بھرپور انداز میں ادا کریں گے۔ بلوچستان کے عوام ہر سال کی طرح اس سال بھی بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ جشنِ آزادی منا رہے ہیں۔ صوبے بھر میں منعقد ہونے والی تقریبات میں عوام کی بھرپور شرکت اس بات کا واضح اظہار ہے کہ اہلِ بلوچستان پاکستان سے اپنی محبت اور وابستگی کو دل و جان سے مقدم رکھتے ہیں۔ آج کے دن میں وطن عزیز کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔ شہداء کے اہلِ خانہ کو یقین دلاتا ہوں کہ بلوچستان کا بچہ بچہ ان کے پیاروں کی عظیم قربانی اور مقدس خون کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ہم ان عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کے نام میرا خصوصی پیغام ہے کہ ہمارا مستقبل تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور ہنر میں ہے۔ نوجوان دہشت گرد عناصر کے گمراہ کن پروپیگنڈے سے دور رہیں اور اپنی توانائیاں تعلیم، تحقیق، ہنر اور ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے صرف کریں۔ ہم نے نوجوانوں کے لیے میرٹ پر مبنی بھرتیوں، تعلیمی وظائف، روزگار اور جدید تعلیم کے فروغ سمیت متعدد اصلاحات اور منصوبے شروع کیے ہیں۔ میرا یقین ہے کہ نوجوانوں کو میرٹ پر آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کر کے ان کا اعتماد حکومت اور ریاست پر مزید مضبوط کیا جاسکتا ہے۔ دہشت گردی کے ذریعے بلوچستان کے عوام کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیلنے والے عناصر کو شکست کا سامنا کرنا ہوگا۔ پاکستان کی ترقی اور اس کی دائمی فتح کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان حالیہ دفاعی معاہدے پر میں صدر مملکت، وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پاکستان کی دفاعی صلاحیت، سلامتی اور عالمی وقار میں اضافے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو اہلِ بلوچستان قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ پاکستان کو ترقی کرتا اور دنیا میں اپنا مقام بلند کرتا دیکھ کر ہمارا دل خوشی سے باغ باغ ہوتا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور بلوچستان کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنائے، وطن عزیز کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے اور اسے ترقی و خوشحالی کی نئی بلندیوں سے ہمکنار فرمائے۔

**پاکستان ہمیشہ زندہ باد**



## شکیل قادر خان

چیف سیکرٹری بلوچستان

یومِ آزادی پاکستان ہمارے قومی سفر کا ایک عظیم اور تجدیدِ عہد کا دن ہے، جو ہمیں آزادی کی قدر و قیمت کے ساتھ ساتھ اپنی قومی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے۔ 14 اگست ہمیں امن، اتحاد، خودمختاری اور ترقی کے اُس راستے کی یاد دلاتا ہے جس کی بنیاد قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت، علامہ اقبال کے تصور اور ہمارے بزرگوں کی بے مثال قربانیوں پر رکھی گئی۔

بلوچستان پاکستان کا اہم اور باوقار حصہ ہے۔ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، امن واستحکام، تعلیم، صحت، روزگار، بنیادی ڈھانچے اور نوجوانوں کے لیے بہتر مواقع کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور مساوی مواقع کے ذریعے قومی ترقی کے دھارے میں مزید مضبوط کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جائے۔

میں خصوصاً نوجوان نسل سے کہنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کا مستقبل ان کے ہاتھوں میں ہے۔ تعلیم، ہنر، میرٹ، محنت، قانون کی پاسداری اور مثبت سوچ کو اپنا کر نوجوان نہ صرف اپنی زندگی بہتر بنا سکتے ہیں بلکہ ملک کی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کرسکتے ہیں۔

آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم قائداعظم کے اصولوں ایمان، اتحاد اور تنظیم کو اپنی قومی زندگی کا حصہ بنائیں گے اور پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنی ذمہ داریاں خلوصِ نیت سے ادا کریں گے۔

پاکستانی قوم نے ہمیشہ مشکل حالات کا حوصلے، اتحاد اور عزم کے ساتھ مقابلہ کیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قومی یکجہتی اور اجتماعی کوششوں کے ذریعے ہم موجودہ چیلنجز پر قابو پاتے ہوئے پاکستان کو مزید مضبوط، مستحکم اور خوشحال ملک بنانے میں کامیاب ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ پاکستان کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہمیں وطنِ عزیز کی خدمت کا موقع اور توفیق دے۔

**پاکستان ہمیشہ زندہ باد**













































## 1500 روپے کے پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی، 17 اگست کو فیصل آباد میں ہوگی

مکوآنہ (این این آئی) 1500 روپے کے پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی، 17 اگست کو فیصل آباد میں ہوگی 1500 روپے کے پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی کا بے صبری سے انتظار کرنے والے شہریوں کے لیے اہم خبر سامنے آ گئی ہے۔ سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز نے 1500 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی آئندہ قرعہ اندازی کی تاریخ کا باضابطہ اعلان کردیا ہے

## کالاشاہ کاکو رانا ٹاؤن میں 13 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی، ملزم گرفتار

### ملزم کو قانون کے مطابق سخت سزادی جائے، علاقہ مکینوں کا مطالبہ اور غم وغصہ

کالاشاہ کاکو (این این آئی) کالاشاہ کاکو کے علاقہ تھانہ فیروزوالہ کی حدود رانا ٹاؤن میں 13 سالہ بچی کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے نامزد ملزم کو گرفتار کرلیا ہے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے متاثرہ بچی کے والد کے ابتدائی بیان کے مطابق بچی ملزم شہباز کے گھر اس کی اہلیہ سے ادھار دیے گئے 200 روپے لینے گئی تھی۔ الزام ہے کہ ملزم نے بچی کو یہ کہہ کر گھر کے اندر بلایا کہ اس کی بیوی اندر موجود ہے۔ بعدازاں اسے مبینہ طور پر دھوکے سے کمرے میں لے جاکر زیادتی کا نشانہ بناڈالا پولیس کے مطابق واقعے کے بعد ملزم فرار ہوگیا تھا، تاہم فوری کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کرلیا گیا ہے ذرائع کے مطابق متاثرہ بچی کا طبی معائنہ بھی کرایا جارہا ہے جبکہ تفتیشی حکام شواہد کی روشنی میں مقدمے کو آگے بڑھا رہے ہیں علاقہ مکینوں نے واقعے پر شدید تشویش اور غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے

## فیصل آباد میں غیر قانونی کلینک اور ہسپتال سیل، جعلی ڈاکٹر گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) محکمہ صحت اور پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے جعلی معالجین (عطائیوں) کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا ہے۔ ڈی ڈی ایچ او (DDHO) ڈاکٹر سومیہ جمیل نے ڈاکٹر یاسر پیا اور ڈاکٹر کفایت اللہ کے غیر قانونی کلینک اور ہسپتال پر چھاپہ مارا اور انہیں موقع پر سیل کر دیا۔ کارروائی کے دوران انسانی جانوں سے کھیلنے والے جعلی ڈاکٹرز کو موقع پر دھرلیا گیا

## فیصل آباد/ساندل بار پولیس کا مبینہ مقابلہ، رکشہ ڈرائیور کو قتل کرنے والے دو ڈاکو ہلاک، دو فرار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد/تھانہ ساندل بار کی حدود میں پولیس اور مسلح ڈاکوں کے درمیان مبینہ مقابلے میں دو ڈاکو ہلاک جبکہ دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ ایئرپورٹ کے علاقے میں ڈکیتی کی واردات کے بعد چار مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکو فرار ہوئے، جن کی اطلاع پولیس کنٹرول کو موصول ہوئی

